اورتحریری کاموں میں مشغول رکھا کرتے اور ساتھ ساتھ مطالعہ اور مضمون نگاری کا جذبہ آپ میں آہستہ آہستہ پیدا کرانا شروع کیا۔اور آپ کافی عرصہ ''الحق'' سے وابستہ رہے۔یہیں سے آپ کی بھرپور تربیت ہوئی۔بعد میں اللہ نے آپ سے بہت کام لیا۔حضرت مولاناؒ کا مدیر''الحق'' مولانا راشد الحق صاحب سے خصوصی تعلق قائم رہا اور ہمیشہ شفقت فرماتے رہے۔مولانا مرحوم کے صاحبزادے مولانا نسیم علی شاہ بھی دارالعلوم حقانیہ کے شاگردوں میں سے ہیں۔ادارہ حضرت کے پسماندگان اور جملہ متعلقین سے دلی تعزیت کرتا ہے۔اور خود ادارہ بھی تعزیت کا مستحق ہے۔مرحوم کیلئے دارالحدیث میں حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ نے خصوصی دعائے مغفرت طلباء سے کرائی۔جنازہ میں حضرت مولانا انوارالحق صاحب مدظلہ اور مولانا حامد الحق حقانی ایم این اے نے شرکت کی۔

ممتاز صحافی اور نامور دانشور جناب عرفان صدیقی کی والدہ کی رحلت:

گزشتہ دنوں ملک کے ممتاز دانشور اور عظیم صحافی جناب عرفان صدیقی کی والدہ ماجدہ کا انتقال ہوا۔مرحومہ اوصاف حمیدہ سے آراستہ اور مؤمنہ صالحہ خاتون تھیں۔مرحومہ کی شخصیت کا اندازہ آپ کی اولاد کی صحیح تعلیم وتربیت سے واضح ہوتا ہے۔جناب عرفان صدیقی صاحب اور ان کا قلم آپ ہی کی لازوال تربیت اور پراثر دعاؤں کا شاہکار ہیں۔ جناب عرفان صدیقی صاحب کا کردار تحریک طالبان کی حمایت' دفاع اور امریکی تسلط کے بعد دینی حلقوں اور خصوصاً مظلوم مجاہدین کے لئے نعمت خداوندی سے کم نہیں ہے۔ ہر موقع پر آپ نے ان کا بھرپور مقدمہ اور دفاع کیا ہے۔ جناب عرفان صدیقی صاحب حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ کی معیت میں اور ان کی خصوصی دعوت پر اپنے پہلے سفر افغانستان میں ملا محمد عمر صاحب مدظلہ سے ملاقات کے لئے قندھار تشریف لے گئے تھے اور وہیں سے آپ نے متاثر ہوکر اپنا ضمیر اور قلم جہاد اور مجاہدین اسلام کے لئے وقف کر رکھا ہے۔جبکہ اس سے قبل اس بارہ میں آپ کئی الجھنوں اور تحفظات کے شکار تھے۔مگر اس سفر کے بعد ہی آپ کا قلم مغربی امریکی استبداد اور جبر کے خلاف شعلہ جوالہ بن گیا اور حمیت وغیرت کا نہ ختم ہونے والا لاوا سالہا سال سے ابل رہا ہے اور وہ حق واہل حق کی ترجمانی کر رہے ہیں۔جناب عرفان صدیقی حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ اور دارالعلوم حقانیہ کے ساتھ خصوصی تعلق رکھتے ہیں۔دارالعلوم حقانیہ میں آپ کی والدہ ماجدہ کے لئے خصوصی دعائیں کی گئیں۔قارئین سے رفع درجات کے لئے خصوصی دعاؤں کی اپیل ہے۔

جناب کرنل محمد اعظم صاحب کو صدمہ:

دارالعلوم حقانیہ اور ادارہ الحق کے دیرینہ مخلص رفیق جناب (ر) کرنل محمد اعظم صاحب کو گزشتہ دنوں گہرا صدمہ پہنچا' ان کے چھوٹے بھائی جناب محمد افضل صاحب علالت کے بعد انتقال فرماگئے۔ادارہ ان کے اور انکے پسماندگان سے دلی تعزیت کرتا ہے۔اور قارئین الحق سے ان کے رفع درجات کے لئے دعاوں کی اپیل ہے۔